2024-06-09

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ

میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1. بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندرمودی آج لگاتارتیسری مدت کیلئے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف لیں گے۔
2. نئے وزیراعلیٰ کل اڈیشہ میں حلف لیں گے۔
3. تعلیم کی مرکزی وزارت نے چار رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ نیٹ یوجی امتحان میں 1500 سے زیادہ امیدواروں کو دیئے گئے گریس نمبر کا جائزہ لیا جاسکے۔
4. بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ اگلے چار دن کے دوران مشرقی اور وسطی بھارت کے کچھ حصوں میں گرم ہوائیں یا لو چلنے کا سلسلہ جاری رہے گا۔
5. اور کرکٹ میں : آج شام نیویارک میں ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Swearing in Ceremony

نامزد وزیراعظم نریندر مودی اور وزراء کی نئی مرکزی کونسل کو آج شام راشٹرپتی بھون میں صدرجمہوریہ دروپدی مرمو عہدہ اور رازداری کا حلف لیں گی۔صدرجمہوریہ دروپدی

مرمو نے نئی حکومت کی تشکیل کیلئے نامزد وزیراعظم نریندرمودی کو مدعو کیاتھا۔ حلف برداری کی تقریب آج شام میں سواسات بجے منعقد ہوگی۔

جمعہ کو جناب مودی نے صدرجمہوریہ سے ملاقات کی تھی اور نئی حکومت بنانے کا اپنا دعویٰ پیش کیاتھا۔ بی جے پی کے صدرجے پی نڈا کی قیادت میں NDA کے ایک وفد نے صدرجمہوریہ سے ملاقات کی تھی اور ایک خط انہیں پیش کیاتھا جس میں کہاگیاتھا کہ جناب نریندرمودی کو بی جے پی پارلیمانی پارٹی کا لیڈر منتخب کیاگیاہے۔صدرجمہوریہ کو NDAکی حلیف پارٹیوں کے حمایت کے خطوط بھی سونپے گئے تھے۔

ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ بہت سے پڑوسی ملکوں کے لیڈروں کو بھی نریندرمودی کی حلف برداری کیلئے مدعو کیاگیاہے جو لگاتار تیسری مدت کیلئے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف لیں گے۔بھارت کے پڑوسی ممالک اور بحیرہ ہند خطے کے لیڈر بھی خصوصی مہمان کی حیثیت سے تقریب میں شرکت کریں گے۔

سری لنکا کے صدر رانل وکرماسنگھا، مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو، Seychelles کے نائب صدر احمدعفیف اور بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ کے علاوہ ماریششzکے وزیراعظم پروندکمار Jugnuath، نیپال کے وزیراعظم پشپ کمل دہل پرچنڈ اور بھوٹان کے وزیراعظم Tshering Tobgay بھی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کریں گے۔

بنگلہ دیش کی وزیراعظم اور Seychelles کے نائب صدر حلف برداری کی تقریب میں شرکت کے لئے پہلے ہی نئی دلی پہنچ چکے ہیں۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

VC-Suparna

وزیراعظم نریندرمودی کی لگاتار تیسری مدت کیلئے حلف برداری کی تقریب کو بھارت کی پڑوسی پہلے کی پالیسی اور خطے میں سبھی کیلئے سلامتی اور ترقی کے نظریے 'ساگر' کے تناظر میں ترجیح دی گئی ہے۔اس تقریب میں شرکت کیلئے غیرملکی لیڈروں کو مدعو کیاگیاہے۔

حلف برداری کی تقریب میں شرکت کے علاوہ غیرملکوں سے آنے والے لیڈر ضیافت میں بھی شرکت کریں گے جس کا اہتمام راشٹرپتی بھون میں صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کی طرف سے کیا جائے گا۔ دلی پولیس نے اس تقریب کے دوران سیکورٹی کو یقینی بنانے کی خاطر سخت اقدامات کئے ہیں۔ دلی پولیس نے حلف برداری کی تقریب کے دوران پیراگلائڈرس، پیراموٹرس،پیراموٹرس، ہینگ گلائڈرس، غیرانسان بردار گاڑی(یواے وی) اور ہاٹ ایئربیلون سمیت ذیلی روایتی ہوائی پلیٹ فارم کی پرواز پر پابندی عائد کردی ہے۔یہ پابندی اس ماہ کی 9 اور 10جون کو رہے گی۔

PM Rajghat

نامزد وزیراعظم نریندر مودی نے آج اپنی حلف برداری تقریب سے قبل نئی دلی میں راج گھاٹ پر مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔جناب مودی نے نیشنل وار میموریل پر بھی گلہائے عقیدت نذر کئے۔ جناب مودی آج راشٹرپتی بھون میں شام سوا سات بجے لگاتار تیسری مدت کیلئے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف اٹھائیں گے۔

Akashwani Swearing in Broadcast

آکاشوانی دلی شام 6 بجکر 45 منٹ سے راشٹرپتی بھون سے حلف برداری کی تقریب کا آنکھوں دیکھا حال نشر کرے گا۔ یہ پروگرام ایف ایم گولڈ، اندرپرستھ آکاشوانی لائیو نیوز24x7 چینلوں سمیت آکاشوانی اے آئی آر اور یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔

Suspense Odisha CM

اڈیشہ کے نئے وزیراعلیٰ کے نام پر برقرار تجسس کے درمیان بی جے پی حکومت کل ہونے والی حلف برداری کی تقریب کی سبھی تیاریاں جاری ہیں۔ یہ تقریب صبح کے وقت بی جے پی کی قانون ساز پارٹی کی میٹنگ کے بعد اسی روز بھونیشور کے جنتا میدان میں منعقد کی جائے گی۔

اسی دوران تمام سرگرمیاں دلی منتقل ہیں جہاں پارٹی کا پارلیمانی بورڈ اس پر حتی فیصلہ کر سکتا ہے۔ بی جے پی کی 78 رکنی قانون ساز پارٹی کی میٹنگ طلب کی گئی ہے۔

V/C Prakash Dash

تاکہ پارٹی مرکزی مشاہدین کی موجودگی میں لیڈر کا باقاعدہ انتخاب کیا جا سکے۔

NTA=Neet UG

مرکزی وزارت تعلیم نے انڈر گریجویٹ میڈیکل کورسز میں داخلے کے قومی اہلیتی امتحان، NEET-UG میں ڈیڑھ ہزار سے زیادہ امیدواروں کو گریس نمبرات دیے جانے کے معاملے پر غور کرنے کے لیے چار رکنی پینل تشکیل دیا ہے۔

ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے NTA کے ڈائریکٹر جنرل سبودھ کمار سنگھ نے کہا کہ UPSC کے سابق چیئرپرسن اس پینل کی سربراہی کریں گے۔ ڈائریکٹر جنرل نے مزید کہا کہ یہ پینل ایک ہفتے کے اندر اپنی تجویزیں پیش کرے گا اور ان امیدواروں کے نتیجوں پر نظرِ ثانی کی جا سکتی ہے۔

SB/- Subodh Kumar Singh DG NTA

میڈیکل اور ڈینٹل کورسزمیں داخلوں کے نتیجوں کا چار جون کو اعلان کیا گیا تھا، جس کے بعد سے امیدوار مختلف الزامات عائد کرتے ہوئے دوبارہ امتحانات کے انعقاد کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

اس معاملے میں کئی امیدواروں نے راحت پانے کے لیے عدالت سے بھی رجوع کیا۔ NEET امتحان میں ریکارڈ 24 لاکھ سے زیادہ رجسٹریشن ہوئے تھے اور 97 فیصد امیدواروں نے اِس میں شرکت کی تھی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج سے شمال مغربی بھارت میں پھر سے گرم ہوائیں یا لوچلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ دوسری جانب اگلے پانچ روز کیلئے مشرق اور مشرقی وسطی بھارت کے کچھ حصوں اترپردیش اور شمال مغربی مدھیہ پردیش میں گرمی کے حالات جاری رہنے کا امکان ہے۔ اسی دوران جنوب مغربی مانسون ملک میں اپنی معمول کی رفتار سے آگے بڑھ رہا ہے۔ آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے IMDکے سائنسداں ڈاکٹر آر کے جینا منی نے بتایا کہ جنوبی مغربی مانسون جنوبی مہاراشٹر خاص طور پر جنوبی کونکن تلنگانہ کی جانب پیش قدمی کررہا ہے اوریہ کل جنوبی چھتیس گڑھ، جنوبی اڈیشہ اور ساحلی آندھرا پردیش کے مزید کچھ حصوں کی طرف بھی پیش قدمی کرچکا ہے۔انہوں‌نے مزید کہا کہ اگلے دو دن کے لئے وسطی مہاراشٹر سمیت ملک کے جنوبی حصوں میں جاری بارش کیلئے اورینج اور ریڈ الرٹ جاری کیاگیاہے۔

Ramoji Rao Last Rites

تلنگانہ کی ریاستی سرکار نے میڈیا کی جانی مانی شخصیت راموجی راؤ کی آخری رسومات سرکاری اعزازات کے ساتھ ادا کرنے کافیصلہ کیاہے جن کا کل انتقال ہوگیاتھا۔ آخری رسومات حیدرآباد میں راموجی فلم سٹی میں آج صبح ادا کی جائے گی۔ آندھرا پردیش کی سرکار نے راموجی راؤ کے اعزاز میں 9 اور 10 جون کو سوگ کا اعلان کیاہے۔اس دوران ریاست کے سرکاری عمارتوں میں قومی پرچم سرنگوں رہے گا اور کوئی سرکاری تقریبات منعقد نہیں ہوں گی۔

Maha Fandavis

مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ دویندرفڑنویس نے کہاہے کہ وہ نائب وزیراعلیٰ کی حیثیت سے ریاستی حکومت میں برقرار رہیں گے۔کل ممبئی میں پارٹی کی میٹنگ کے بعد اظہارخیال کرتے ہوئے جہاں ریاستی بی جے پی قانون ساز اسمبلی ممبروں نے ایک قرارداد منظور کی تھی، اُن پر اعتماد ظاہر کیاہے اور یہ کہاہے کہ وہ پارٹی کے لیڈر کی حیثیت سے کام کرتے

رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے امت شاہ سے ملاقات کی تھی جنہوں‌نے ان سے کہاہے کہ وہ نائب وزیراعلیٰ کی حیثیت سے کام کرتے ہیں اور وہ ایسا کرتے رہیں گے۔انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ان کے پاس ایک حکمت عملی ہے اور انہوں نے اس پر پہلے ہی کام کرناشروع کردیاہے۔

Cricket T-20

مردوں کے آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ میں آج بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔یہ میچ نیویارک میں Nassau کاؤنٹی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ہوگا جو بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے شروع ہوگا۔میچ بھارت میں ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا۔روہت شرما کی قیادت میں بھارت نے آئرلینڈ کے خلاف آٹھ وکٹ سے شاندار جیت حاصل کی تھی اور اپنی مہم کا شاندار ڈھنگ سے آغاز کیاتھا۔ اس کے برعکس پاکستان کی ٹیم کو Dallas میں امریکہ کے ہاتھوں غیرمتوقع طور پر شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔

ٹورنامنٹ کے گروپ سی کے میچ میں اس وقت ویسٹ انڈیز اور یوگینڈا کے درمیان میچ جاری ہے۔

تیسرے میچ میں گروپ بی کے میچ میں Oman، اسکاٹ لینڈ کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے دس بجے اینٹی گوا کے نارتھ ساؤنڈ میں Sir Vivian Richard اسٹیڈیم میں ہوگا۔

کل رات برج ٹاؤن باربڈوز کے Kensington Oval میں آسٹریلیا نے انگلینڈ کو 36 رن سے ہرادیا۔

ایک دوسرے میچ میں نیویارک میں نساؤ کاؤنٹی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ نے نیدرلینڈ کو چار وکٹ سے ہرادیا۔

Wrestling

کشتی میں کل ہنگری کے Budapest میں Polyak Imre and Varga Janos Memorial 2024 میں بھارت کی پہلوان Reetika Hooda نے خواتین کے 76 کلوگرام زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔Budapest کشتی درجہ بندی سیریز میں بھارت کے لیے یہ چوتھا تمغہ تھا۔

Aman Sehrawat نے بھی مردوں کے 76 کلوگرام فری اسٹائل میں چاندی کا تمغہ جیتا، جبکہ Antim Panghal اور انشو ملک نے بالترتیب خواتین کے 53 کلوگرام اور 57 کلوگرام وزن کے زمرے میں چاندی کے تمغے جیتے۔Reetika نے کرغستان کے Bishkek میں ایشین ریسلنگ اولمپک کوالیفائرس میں خواتین کے 76 کلوگرام میں بھارت کے لیے پیرس 2024 اولمپک کوٹے میں جگہ بنالی ہے۔x

## Kerala Trawling Ban

کیرالہ میں مشینی کشتیوں کے ذریعہ ریاست کے ساحل پر مچھلی پکڑنے کے عمل پر پابندی آج آدھی رات کے بعد سے مزید جاری رہے گی۔ مچھلی پکڑنے کی سرگرمیوں پر پہلے سے ہی 52 روز سے پابندی نافذہے جو اگلے مہینے کی 31تاریخ تک جاری رہے گی۔

اس پابندی سے مچھلی پکڑنے کی روایتی کشتیوں کو مستثنیٰ رکھا گیاہے۔ بندرگاہوں پر ڈیزل بنکر اور فش لینڈنگ سینٹر دوران پابندی بند رہیں گے۔

ریاستی حکومت نے دوسری ریاستوں کو مچھلی پکڑنے والی کشتیوں کو آدھی رات سے پہلے کیرالہ ساحل کو چھوڑنے کی ہدایت دی ہے۔

## CWC MEET

کانگریس کی سینئر رہنما سونیا گاندھی کو اتفاق رائے سے کانگریس پارلیمانی پارٹی CPP کا صدر نشین منتخب کر لیا گیا ہے۔ کل شام میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی رہنما راجیو شکلا نے کہا کہ انہوں نے اس عہدے کو قبول کر لیا ہے۔

اس سے پہلے، توسیع شدہ کانگریس ورکنگ کمیٹی نے اتفاق رائے سے، ایک قرارداد منظور کی جس میں، راہل گاندھی سے لوک سبھا میں ایک مرتبہ پھر اپوزیشن کے رہنما کا رول سنبھالنے کی درخواست کی گئی ہے۔ نئی دلی میں، CWC کی میٹنگ کے بعد، ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے سینئر رہنما کے سی وینوگوپال نے کہا کہ CWC کو یقین ہے کہ راہل گاندھی کی قیادت میں اپوزیشن مضبوط اور مستحکم رہے گی۔

کانگریس کے سینئر لیڈر جے رام رمیش نے مزید کہا کہ حالیہ انتخابات نے کانگریس پارٹی میں ایک نئی جان پھونکی ہے۔

MoSPI Consumption Survey

شماریات اور پروگرام پر عمل آوری کی وزارت کے ذریعے گھریلو تصرف کے اخراجات سے متعلق کیے گئے سروے سے پتہ چلا ہے کہ اگست 2022 سے جولائی2023 کے دوران دیہی بھارت کے ماہانہ اوسط اخراجات، شہری بھارت سے 71 فیصد کم رہے۔ سروے میں کہا گیا ہے کہ اس مدت کے دیہی بھارت کے تین ہزار 773 روپے کے اوسط ماہانہ فی کس تصرف اخراجات، MPEC پر نظر ثانی کی جا رہی ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ... ضمیر رضوی

شکریہ - آسیہ

راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے نریندر مودی کی وزیراعظم کی حیثیت سے تیسری مدت کے لیے آج ہونے والی حلف برداری سے متعلق خبر کو صفحہ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ جناب مودی کو صدر جمہوریہ آج شام راشٹرپتی بھون میں عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے سونیا گاندھی کو کانگریس پارلیمانی پارٹی کی چیئرپرسن چنے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق کانگریس ورکنگ کمیٹی نے پارٹی لیڈر راہل گاندھی کو اپوزیشن لیڈر بنانے کی قرار داد بھی منظور کرلی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے عمل کی شروعات کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق سیاسی جماعتوں سے انتخابی نشانات کے لیے درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔

روزنامہ پرتاپ نے راموجی فلم سٹی کے بانی راموجی رائو کے انتقال کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے ان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے T-20 عالمی کپ میں روایتی حریف بھارت اور پاکستان کے درمیان آج ہونے والے میچ کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ امریکہ سے شکست کے بعد جہاں پاکستان واپسی کے لیے بے چین ہے تو وہیں بھارتی ٹیم کے حوصلے بھی بلند ہیں۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندرمودی آج لگاتارتیسری مدت کیلئے وزیراعظم کی حیثیت سے حلف لیں گے۔
2. نئے وزیراعلیٰ کل اڈیشہ میں حلف لیں گے۔
3. تعلیم کی مرکزی وزارت نے چار رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ نیٹ یوجی امتحان میں 1500 سے زیادہ امیدواروں کو دیئے گئے گریس نمبر کا جائزہ لیا جاسکے۔
4. بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ اگلے چار دن کے دوران مشرقی اور وسطی بھارت کے کچھ حصوں میں گرم ہوائیں یا لو چلنے کا سلسلہ جاری رہے گا۔

5. اور کرکٹ میں : آج شام نیویارک میں ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------